# URDU

## Paper – II

نوٹ : یہ پرچہ پچاس (50) معروضی سوالات پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لئے دو (2) نشانات مختص ہیں۔ تمام سوالوں کے لئے جواب مطلوب ہیں۔

**1.** ولیؔ کا انتقال کس سنہ میں ہوا ؟

(A) 1705

(B) 1706

(C) 1707

(D) 1708

**2.** کس نے میر تقی میر کو اردو میں واسوخت کا موجد قرار دیا تھا ؟

(A) رام بابو سکسینہ

(B) مسعود حسین خان

(C) مولوی عبد الحق

(D) محمد حسین آزاد

**3.** آتشؔ کی وفات پر یہ تاریخی مصرع کس نے کہا تھا ؟

"خواجہ حیدر علی اے وائے مُردند"

(A) رشک (B) میر تقی میر

(C) ناسخ (D) انشا

**4.** حسنِ مطلع کسے کہتے ہیں ؟

(A) مطلع کے بعد آنے والا مطلع

(B) کئی مطلعوں کے بعد آنے والا شعر

(C) غزل کا درمیانی شعر

(D) غزل کا آخری شعر

**5.** لفظ "مزاح" کا تلفظ کیا ہے ؟

(A) مِزاح (B) مَزاح

(C) مُزاح (D) تینوں صحیح ہیں

**6.** مناسب لفظ سے خانہ پُری کیجیے۔

پھول تو دن بہار جاں فزا دکھلا گئے

حسرت اُن ______ پہ ہے جو بِن کھلے مرجھا گئے

(A) پھولوں (B) کلیوں

(C) غنچوں (D) پودوں

**7.** "صلیبیں میرے دریچے میں" کس کے خطوط کا مجموعہ ہے ؟

(A) علی سردار جعفری

(B) خواجہ احمد عباس

(C) عصمت چغتائی

(D) فیض احمد فیض

**8.** وہ کونسا عنصر ہے جو ڈرامے کو ناول اور افسانے سے جدا کرتا ہے ؟

(A) مکالمہ

(B) اسٹیج

(C) منظر نگاری

(D) کردار

**9.** ذیل میں ایک دعوی اور اس کی دلیل دی گئی ہے اسے غور سے پڑھیں اور صحیح جواب کی نشان دہی کریں۔

دعوی : میر تقی میر اردو کے خدائے سخن ہیں

دلیل : انہوں نے چھے دیوان اردو کو دئے ہیں۔

(A) دعوی صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے

(B) دلیل غلط ہے مگر دعوی صحیح ہے

(C) دعوی بھی غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے

(D) دعوی غلط ہے مگر دلیل صحیح ہے

**10.** یہ کس کا شعر ہے ؟

نا گفتنی ہے عشق بتاں کا معاملہ

ہر حال میں ہے شکر خدا کچھ نہ پوچھئے

(A) آتش

(B) مومن

(C) غالب

(D) ناسخ

**11.** غالب نے کس عمر میں انتقال کیا؟

(A) ستر (B) بہتر

(C) تہتر (D) پچھتر

**12.** کس شاعر کو تاریخ گوئی میں کمال حاصل تھا؟

(A) ذوق

(B) مومن

(C) شاہ نصیر

(D) غالب

**13.** اصغر کا وطن گو کہ گورکھپور ہے لیکن وہ اصغر گونڈوی سے کیوں مشہور ہوئے ؟

(A) کیونکہ وہ اپنی والدہ کے ساتھ ایک عرصے تک گونڈہ میں رہے

(B) کیونکہ اصغر کے والد بسلسلۂ ملازمت ایک عرصہ دراز تک گونڈہ میں رہے اس لئے انہیں بھی ان کے ساتھ رہنا پڑا

(C) کیونکہ اصغر ایک طویل مدت تک گونڈہ میں تجارت کی

(D) کیونکہ اصغر کو گونڈہ کی آب و ہوا پسند تھی

**14.** ان میں سے کس شاعر کے مورث اعلیٰ مولوی محمد سمیع شاہ جہاں کے استاد تھے ؟

(A) جگر

(B) شاد

(C) حسرت

(D) فانی

**15.** جگر کے دوسرے مجموعہ کلام کا نام کیا ہے ؟

(A) داغ جگر

(B) روح کائنات

(C) آتش گل

(D) شعلۂ طور

16. لکھنو شہر میں کس شاعر کے منہ پر کالک مل کر انہیں گدھے پر سوار کر کے شہر کی سڑکوں پر ذلیل و خوار کیا گیا ؟

(A) شوق لکھنوی

(B) فراق

(C) یگانہ چنگیزی

(D) آتش

17. غزل کے سب سے بُرے شعر کو کیا کہتے ہیں ؟

(A) خراب شعر

(B) بیت پُر کن

(C) بے معنی شعر

(D) ان میں سے کوئی نہیں

18. شعری اصطلاح میں بطؔ کسے کہتے ہیں ؟

(A) شعر لکھنے سے پہلے بنایا جانے والا نشان

(B) شاعر کے تخلص پر لگایا جانے والا نشان

(C) مصرع لکھنے سے پہلے لکھا جانے والا نشان

(D) ان میں سے کوئی نہیں

19. مغربی ہندی کی کتنی بولیاں ہیں ؟

(A) چھے

(B) تین

(C) سات

(D) پانچ

20. جنس نگاری کس افسانہ نگار کی سب سے بڑی کمزوری اور سب سے بڑی طاقت ہے ؟

(A) پریم چند

(B) نیاز فتح پوری

(C) حجاب امتیاز علی

(D) عصمت چغتائی

21. اردو کا بد نام افسانہ نگار کون ہے ؟

(A) راجندر سنگھ بیدی

(B) منٹو

(C) خواجہ احمد عباس

(D) قرۃ العین حیدر

22. ذیل میں کونسا جوڑ درست نہیں ہے ؟

(A) اقبال — علامہ

(B) غالب — مرزا نوشہ

(C) فراق — شاعر مشرق

(D) گوپی چند نارنگ — پروفیسر

23. سر سید نے کس اخبار سے اپنی صحافت کا آغاز کیا ؟

(A) تہذیب الاخلاق

(B) سید الاخبار

(C) اودھ پنچ

(D) زمیندار

24. سر سید کے رفقا میں سب سے زیادہ اردو ادب کو کس نے متاثر کیا؟

(A) وقار الملک

(B) ذکاء اللہ

(C) حالی

(D) محمد حسین آزاد

25. اصغر کے کلام میں وہ پہلی چیز کونسی ہے جو پڑھنے والوں کو متاثر کرتی ہے ؟

(A) لب ولہجے کی جدّت آمیز رنگینی

(B) سکون و اضطراب

(C) لطیف ترنم

(D) نشاط و سرمستی

26. "آیات وجدانی" کس شاعر کا مجموعہ کلام ہے ؟

(A) حسرت

(B) مجاز

(C) وحید اختر

(D) یگانہ چنگیزی

27. فراق کے کس مجموعہ کلام پر انہیں ساہتیہ اکیڈمی کا انعام ملا تھا؟

(A) روپ

(B) گل نغمہ

(C) روح کائنات

(D) گل بانگ

28. مجاز کے شعری مجموعوں کے صحیح زمرے کی نشان دہی کیجیے۔

(A) آہنگ ۔ شبستان ۔ مشعل

(B) شب تاب ۔ آہنگ ۔ شعلہ و شبنم

(C) حرف و حکایت ۔ سازنو ۔ عرش و فرش

(D) سازنو ۔ شب تاب ۔ آہنگ

29. پاکستان کا قومی ترانہ کس شاعر کی دین ہے ؟

(A) مجاز

(B) حفیظ جالندھری

(C) نیاز فتح پوری

(D) علامہ اقبال

30. فیض کا کونسا مجموعہ کلام سرزمین روس سے شائع ہوا؟

(A) مہ و سال آشنائی

(B) دست صبا

(C) شام شہر یاراں

(D) سروادیٔ سینا

31. صحیح جوڑ کی نشان دہی کیجیے :

(A) یگانہ چنگیزی — پتھر کی دیوار

(B) مخدوم — پرواز

(C) مجروح سلطان پوری — غزل

(D) فراق — طبل و علم

**32.** مخدوم کا پہلا مجموعہ کلام " سرخ سویرا " کس سنہ میں شائع ہوا ؟

(A) 1940 (B) 1942

(C) 1944 (D) 1946

**33.** سودا کے انتقال کی خبر سن کر یہ جملہ کس نے کہا تھا ؟
" افسوس ہمارا پہلوانِ سخن مر گیا "۔

(A) شاہ حاتم

(B) مظہر جان جاناں

(C) بہادر شاہ ظفر

(D) خان آرزو

**34.** " نظیرؔ میں سودا کا زور ، میر کی بلند پروازی ، انشا کی ظرافت انیس و دبیر کا جوش و خروش نہیں ہے مگر یہ سب صفات ان میں ایک حد تک ضرور پائی جاتی ہیں "۔
یہ کس کا قول ہے ؟

(A) محمد حسین آزاد

(B) رام بابو سکسینہ

(C) کلیم الدین احمد

(D) رشید احمد صدیقی

**35.** کرشن چندر کے افسانے "ان داتا" کا موضوع کیا ہے ؟

(A) پہلی جنگ عظیم

(B) دوسری جنگ عظیم

(C) قحط بنگال

(D) انقلاب روس

**36.** "آخری تحفہ" کس کے افسانوں کا مجموعہ ہے ؟

(A) کرشن چندر (B) انتظار حسین

(C) راجندر سنگھ بیدی (D) پریم چند

**37.** مومن کی محبوبہ کا تخلص کیا تھا ؟

(A) نادرہؔ (B) سلمیٰؔ

(C) حجابؔ (D) عذراؔ

**38.** میر حسن کی مثنوی سحر البیان کونسی بحر میں لکھی گئی ہے ؟

(A) بحر خفیف (B) بحر متقارب

(C) بحر رمل (D) بحر ہزج

**39.** نظم معرّیٰ کے موجد کون ہیں ؟

(A) شرر (B) آزاد

(C) اسمٰعیل میرٹھی (D) چکبست

**40.** تقسیم ہند کے بعد ابھرنے والے افسانہ نگاروں کا صحیح زمرہ کونسا ہے ؟

(A) نیاز فتح پوری ۔ سجاد حیدریلدرم ۔ پریم چند

(B) رشید جہاں ۔ سجاد ظہیر ۔ محمود الظفر

(C) کرشن چندر ۔ منٹو ۔ رشید جہاں

(D) قاضی عبد الستار ۔ جوگندر پال ۔ سریندر پرکاش

**41.** اردو کا پہلا باضابطہ ڈراما کس نے لکھا تھا ؟

(A) آغا حشر کاشمیری (B) واجد علی شاہ

(C) امانت لکھنوی (D) امتیاز علی تاج

**42.** ذیل میں ایک دعویٰ اور اس کی دلیل دی گئی ہے
اسے غور سے پڑھیں اور صحیح جواب کی نشاندہی کریں۔

(دعویٰ) : جدیدیت کے عہد میں اردو کا قاری اردو ادب سے دور ہو گیا

(دلیل) : اس دور میں اردو شعر و ادب غیر صحت مند ابہام کا شکار ہو گیا

(A) دعویٰ صحیح اور دلیل غلط
(B) دعویٰ صحیح ہے مگر دلیل غلط
(C) دعویٰ بھی صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے
(D) دعویٰ بھی غلط ہے اور دلیل بھی غلط

**43.** تنقید کے اصولوں کو سائنٹفک انداز میں پہلے پہل کس نے پیش کیا ؟

(A) مارکس (B) ہرڈر
(C) ٹین (D) شلیگل

**44.** آرکی ٹائپ (Arche type) اجتماعی لا شعور کا نظریہ کس نے پیش کیا ؟

(A) یونگ (B) لاکان
(C) فوکو (D) آرنلڈ

**45.** " اردو دلی اور نواح دلی کی بولیوں پر مشتمل ہے "
یہ کس کا قول ہے ؟

(A) محمود خان شیرانی (B) شوکت سبزواری
(C) محمد حسین آزاد (D) مسعود حسین خان

**46.** کس شاعر نے ایہام گوئی کی مخالفت کی ؟

(A) شاہ مبارک (B) شاہ حاتم
(C) مظہر جان جاناں (D) خاں آرزو

**47.** کس نے غزل کو ناپاک قصیدہ کا دفتر کہا ؟

(A) شبلی
(B) حالی
(C) کلیم الدین احمد
(D) عظمت اللہ خان

**48.** " سر سید مرحوم اور اردو لٹریچر " کس کا مضمون ہے ؟

(A) شبلی (B) حالی
(C) نذیر احمد (D) مہدی افادی

**49.** " شاہین " کس شاعر کا محبوب استعارہ ہے ؟

(A) چکبست (B) اکبر
(C) فیض (D) اقبال

**50.** " چند ہم عصر " کے مصنف کا نام کیا ہے ؟

(A) شاہد احمد علوی
(B) مولوی عبد الحق
(C) رشید احمد صدیقی
(D) احتشام حسین

**KSET -2014**

# KEY - Paper – II

**Subject: URDU** **Code: 22**

| Q.No | Ans | Q.No | Ans | Q.No | Ans |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | C | 21 | B | 41 | B |
| 2 | D | 22 | C | 42 | C |
| 3 | A | 23 | B | 43 | C |
| 4 | B | 24 | C | 44 | A |
| 5 | D | 25 | A | 45 | D |
| 6 | C | 26 | D | 46 | C |
| 7 | D | 27 | B | 47 | B |
| 8 | B | 28 | D | 48 | A |
| 9 | B | 29 | B | 49 | D |
| 10 | A | 30 | A | 50 | B |
| 11 | C | 31 | C | | |
| 12 | B | 32 | C | | |
| 13 | B | 33 | A | | |
| 14 | A | 34 | B | | |
| 15 | D | 35 | C | | |
| 16 | C | 36 | D | | |
| 17 | B | 37 | C | | |
| 18 | B | 38 | B | | |
| 19 | D | 39 | C | | |
| 20 | D | 40 | D | | |